صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 21 جنوری 2016ء 10 ربیع الثانی 1437 ہجری 21 صلح 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 18

دعائے یونسؑ

مرے جان و دل کے مالک مری جاں نکل رہی ہے
تیری یاد چٹکیوں میں مرے دل کو مل رہی ہے
نہیں جز دعائے یونسؑ کے رہا کوئی بھی چارہ
کہ غم و الم کی مچھلی مجھے اب نگل رہی ہے
کبھی وہ گھڑی بھی ہوگی کہ کہوں گا یا الٰہی!
مری عرض تو نے سن لی وہ مجھے اگل رہی ہے

(حضرت مصلح موعود)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

’’اصل راہ اور گُر خداشناسی کا دُعا ہے اور پھر صبر کے ساتھ دعاؤں میں لگا رہے۔ ایک پنجابی فقرہ ہے ؎

جو منگے سو مر رہے مرے سو منگن جا

حقیقت میں جب تک انسان دعاؤں میں اپنے آپ کو اس حالت تک نہیں پہنچا لیتا کہ گویا اس پر موت وارد ہو جاوئے۔ اس وقت تک بابِ رحمت نہیں کُھلتا۔ خدا تعالیٰ میں زندگی ایک موت کو چاہتی ہے۔ جب تک انسان اس تنگ دروازہ سے داخل نہ ہو کچھ نہیں۔ خدا جوئی کی راہ میں لفظ پرستی سے کچھ نہیں بنتا، بلکہ یہاں حقیقت سے کام لینا چاہئے۔ جب طلب صادق ہوگی تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسے محروم نہ کرے گا۔‘‘ (ڈائری حضرت مسیح موعود 3 مارچ 1905ء)

’’اسی طرح پر دعا کرتے وقت بے دلی اور گھبراہٹ سے کام نہیں لینا چاہئے اور جلدی ہی تھک کر نہیں بیٹھنا چاہئے بلکہ اس وقت تک ہٹنا نہیں چاہئے جب تک دُعا اپنا پورا اثر نہ دکھائے۔ جو لوگ تھک جاتے اور گھبرا جاتے ہیں وہ غلطی کرتے ہیں، کیونکہ یہ محروم رہ جانے کی نشانی ہے۔‘‘

(تقریر حضرت مسیح موعود بر موقعہ جلسہ سالانہ 29 دسمبر 1904ء)

’’یہ قاعدہ یاد رکھو کہ جب دُعا سے باز نہیں آتا اور اس میں لگا رہتا ہے تو آخر دُعا قبول ہو جاتی ہے مگر یہ بھی یاد رہے کہ باقی ہر قسم کی دُعائیں طفیلی ہیں اصل دُعائیں اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے واسطے کرنی چاہئیں۔ باقی دُعائیں خودبخود قبول ہو جائیں گی کیونکہ گناہ کے دُور ہونے سے برکات آتی ہیں۔ یوں دُعا قبول نہیں ہوتی جو نری دنیا ہی کے واسطے ہو۔ اس لیے پہلے خدا تعالیٰ کو راضی کرنے کے واسطے دعائیں کرے۔‘‘

(ڈائری حضرت مسیح موعود 27 فروری 1904ء)

’’ہماری جماعت کو چاہئے کہ راتوں کو رو رو کر دعائیں کریں۔ اس کا وعدہ ہے اُدْعُوْنِیْ ...... (المومن: 61) عام لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ دعا سے مراد دنیا کی دُعا ہے۔ وہ دُنیا کے کیڑے ہیں۔ اس لئے اس سے پرے نہیں جاسکتے۔ اصل دعا دین ہی کی دُعا ہے۔ لیکن یہ مت سمجھو کہ ہم گنہگار ہیں یہ دعا کیا ہوگی اور ہماری تبدیلی کیسے ہو سکے گی۔‘‘ (تقریر حضرت مسیح موعود فرمودہ 27 دسمبر 1906ء)

’’دُعا کے لئے انسان کو اپنے خیال اور دل کو ٹٹولنا چاہئے کہ آیا اس کا میلان دنیا کی طرف ہے یا دین کی طرف یعنی کثرت سے وہ دُعائیں دنیاوی آسائش کے لئے ہیں یا دین کی خدمت کے لئے۔ پس اگر معلوم ہو کہ اُٹھتے بیٹھتے اور لیٹتے ہوئے اسے دنیاوی افکار ہی لاحق ہیں اور دین مقصود نہیں تو اسے اپنی حالت پر رونا چاہئے۔ بہت دفعہ دیکھا گیا ہے کہ لوگ کمر باندھ کر حصولِ دنیا کے لیے مجاہدے اور ریاضتیں کرتے ہیں۔ دعائیں بھی مانگتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طرح طرح کے امراض لاحق ہو جاتے ہیں۔ بعض مجنون ہو جاتے ہیں۔ لیکن سب کچھ دین کے لئے ہو تو خدا تعالیٰ ان کو کبھی ضائع نہ کرے۔‘‘ (ڈائری حضرت مسیح موعود 17۔ اگست 1904ء)

’’دُعا صرف لفظوں کا نام نہیں کہ موٹے اور عمدہ عمدہ لفظ بول لیے بلکہ یہ اصل میں ایک موت ہے۔ اُدْعُوْنِیْ ...... کے یہی معنے ہیں کہ انسان سوز و گداز ش میں اپنی حالت موت تک پہنچاوے مگر جاہل لوگ دعا کی حقیقت سے ناواقف اکثر دھوکا کھاتے ہیں۔ جب کوئی خوش قسمت انسان ہو تو وہ سمجھتا ہے کہ دنیا اور اس کے افکار کیا شئے ہے۔ اصل بات تو دین ہے اگر وہ ٹھیک ہوا تو سب ٹھیک ہے۔‘‘

(ڈائری حضرت مسیح موعود 25 دسمبر 1903ء)

(الفضل 29 مئی 2015ء)

نماز تہجد

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب فرماتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود نماز پنجگانہ کے سوا عام طور پر دو قسم کے نوافل پڑھا کرتے تھے ایک نماز اشراق (دو یا چار رکعات) جو آپ کبھی کبھی پڑھتے تھے اور دوسرے تہجد (آٹھ رکعات) جو آپ ہمیشہ پڑھتے تھے سوائے اس کے کہ آپ زیادہ بیمار ہوں لیکن ایسی صورت میں بھی آپ تہجد کے وقت بستر پر لیٹے لیٹے ہی دعا مانگ لیتے تھے۔ اور آخری عمر میں بوجہ کمزوری کے عموماً بیٹھ کر نماز تہجد ادا کرتے تھے۔ (مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

حضور انور کے بعض پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے آئندہ چند دنوں میں ایم ٹی اے پر نشر ہونے والے بعض پروگرام پاکستانی اوقات کے مطابق درج ذیل شیڈیول کے مطابق نشر ہوں گے۔ احباب استفادہ کریں۔

جامعہ کانووکیشن

21 جنوری	6:30 am
23 جنوری	11:25pm, 11:40 am
24 جنوری	6:30 am

گلشن وقف نو اطفال

24 جنوری	11:25pm, 8:00pm
25 جنوری	7:45pm, 6:25pm
26 جنوری	11:20pm, 12:00pm
27 جنوری	6:50am

گلشن وقف نو ناصرات

30 جنوری	11:25pm
31 جنوری	11:50am, 6:25am, 11:25pm, 9:05pm,
یکم فروری	6:25am
2 فروری	11:20am, 12:00pm
3 فروری	7:25am

☆..........☆..........☆

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

تاریخ اشاعت احمدیت

10

مکرم عبدالقدیر قمر صاحب

عراق میں احمدیہ مشن کا آغاز 1926ء

دور اول میں عراق کی فتح کا سہرا ابوعبید بن مسعود کے سر ہے۔ جنہیں حضرت عمرؓ نے سپہ سالار بنا کر بھجوایا تھا۔

اگرچہ احمدیت کی آواز حضرت مسیح موعود کے دور مبارک میں بعض اہل بغداد تک پہنچ چکی تھی اور اس کے نتیجہ میں حضرت حاجی مہدی صاحب عربی بغدادی نزیل مدراس نور احمدیت سے منور ہوئے۔ اسی طرح ایک بغدادی ڈاکٹر محمد یوسف صاحب قادیان تشریف لائے اور حضرت مسیح موعود سے لمبی گفتگو کی۔ ہر طرح کے سوال کئے۔ حضور نے انتہائی تحمل اور بردباری سے ان سب کا جواب ارشاد فرمایا۔ بالآخر حضور کے صبر، اخلاق اور صداقت کے دلائل سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا اور حضور کی خدمت میں دعا کی درخواست کرنے کے بعد گویا ہوا۔

میں سچ عرض کرتا ہوں کہ میں بہت برا ارادہ کر کے آیا تھا کہ میں آپ سے استہزاء کروں۔ مگر خدا نے میرے ارادوں کو رد کر دیا۔...... میں زور دے کر نہیں کہہ سکتا کہ آپ مسیح موعود نہیں ہیں بلکہ مسیح موعود ہونے کا پہلو زیادہ زور آور ہے اور میں کسی حد تک کہہ سکتا ہوں کہ آپ مسیح موعود ہیں۔ جہاں تک میری عقل اور سمجھ تھی میں نے آپ سے فیض حاصل کیا ہے اور جو کچھ میں نے سمجھا ہے میں ان لوگوں پر ظاہر کروں گا جنہوں نے مجھے منتخب کر کے بھیجا ہے۔ کل میری اور رائے تھی اور آج اور ہے...... چونکہ میں معتمد ان لوگوں کا ہوں جنہوں نے مجھے بھیجا ہے اس لئے میں نے ہر ایک بات کو بغیر دریافت کئے ماننا نہیں چاہا"۔

(ڈائری حضرت مسیح موعود 14 فروری 1903ء)

وہاں ہندوستانی احمدی اشاعت احمدیت میں مصروف رہتے تھے اور آہستہ آہستہ نیک اور پاک روحیں شمع احمدیت سے روشنی حاصل کر رہی تھیں اس بات کو وہاں کا ایک طبقہ برداشت نہ کر سکا اور احمدیوں کی مخالفت شروع کر دی۔ یہاں تک کہ ان کے پرائیویٹ اجتماعات پر بھی پابندی عائد کر دی۔ ان حالات کے بارہ میں روزنامہ الفضل لکھتا ہے:

عراق میں عیسائیوں، آریوں و دیگر لوگوں کو تو اپنے اپنے مذہب کے پرچار کی اجازت تھی، مگر احمدیوں پر پابندی عائد کر دی گئی تھی کہ وہ کسی قسم کی اشاعت دینیہ بجا نہیں لا سکتے۔ گھروں میں جلسہ وغیرہ کرنے سے بھی منع کر دیا گیا تھا۔ محترم سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب اس بے جا اور ناروا پابندی کو ہٹوانے کے لئے بغداد تشریف لے گئے اور ہز میجسٹی امیر فیصل سے ملاقات کر کے اس معاملہ کو خوبی اور عمدگی کے ساتھ ان کے سامنے پیش کیا کہ انہوں نے فرمایا کوئی وجہ نہیں کہ جو حق عیسائیوں اور دیگر مذاہب والوں کو اپنے مذہب کی اشاعت کے متعلق عراق میں حاصل ہے وہ احمدیوں کو حاصل نہ ہو۔ چنانچہ حضرت شاہ صاحب کی کوششوں سے خدا کے فضل سے جماعت کو کسی قدر سہولت میسر آ گئی اور اس بات کی اجازت مل گئی کہ احمدیت کے خلاف جو باتیں پھیلائی جائیں ان کا جواب دیا جایا کرے۔

(روزنامہ الفضل 13 اپریل 1926ء ص 2،1)

محترم شاہ صاحب نے بغداد عراق پہنچ کر کیا کیا کوششیں کیں اور کس طرح اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے۔ اس کا حال محترم شاہ صاحب کی زبانی سنئے۔ آپ فرماتے ہیں:

ہم بغداد پہنچے۔ بغداد میں میرے قدیم دوست اور نہایت ہی محبّ دوست مرحوم رستم حیدر تھے جو صلاح الدین ایوبیہ کالج میں ناظم الدروس تھے اور تاریخ عام کے پروفیسر تھے۔ یہ سوربون یونیورسٹی (فرانس) کے تعلیم یافتہ اور بہت قابل تھے۔ زبان عربی کے بھی ادیب تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں میری بہت ہی محبت اور عزت ڈال دی۔ انہیں بغداد میں میری آمد پر بڑی خوشی ہوئی۔ کئی دعوتیں انہوں نے کیں جن میں شہر کے معزز دوست مدعو کئے جاتے رہے۔ وہ وہاں وزیر دیوان تھے۔ وزراء احکام اور علماء سے تعاون ہوا۔

یہاں تک کہ ملک فیصل نے بھی مجھے دعوت دی اور اس دعوت میں بھی چیدہ لوگ مدعو تھے۔ دوران طعام رستم حیدر نے احمدیت کا ذکر تعریفی رنگ میں کیا اور احمدیت کے متعلق ملک فیصل مرحوم نے سوالات کئے۔ جنگ عظیم کے دوران بھی ان کا تعارف مجھ سے ہو چکا تھا۔ جب دجال سے متعلق تفصیلی گفتگو ہوئی تو انہوں نے مجھ سے آیت لاتدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار (سورۃ انعام:104) کا مفہوم دریافت کیا۔ میرے جواب دینے سے پہلے وہ اپنے بھائی علی سے مخاطب ہوئے اور کہا بھائی آپ بڑے عالم ہیں۔ آپ اس آیت سے کیا سمجھتے ہیں؟ تفاسیر میں جو انہوں نے پڑھا تھا وہ بیان کیا پھر ملک صاحب مرحوم مجھ سے مخاطب ہوئے کہ میں اس سے کیا سمجھتا ہوں۔ میں نے مفصل جواب دیا جس پر وہ اتنے خوش ہوئے کہ بے اختیار کہنے لگے کہ اگر (دین) کے لئے دوبارہ زندگی مقدر ہے تو وہ ان خیالات کے ذریعہ ہے جن کا میں نے اظہار کیا ہے۔ کھانا ختم ہوا میں نے فوراً شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا:

آپ کی مملکت میں ہر مذہب کو تبلیغ کی آزادی ہے۔ نہیں تو اس جماعت کے لئے نہیں جس کے خیالات کے متعلق بادشاہ نے یہ داد دی ہے۔

میز سے اٹھتے ہوئے فرمایا آپ کو ان سے بڑھ کر آزادی ہوگی اور جب ہم ڈرائنگ روم میں داخل ہو رہے تھے تو میرے دوست رستم مرحوم نے اپنا منہ میرے کان کے قریب کیا اور کہا وانت تدری من این توکل الکتف (آپ جانتے ہی ہیں کہ کس طرح معاملہ نپٹایا جاتا ہے) اور اس کے بعد جب رستم حیدر مجھے اپنے مکان پر لائے تو اپنے سیکرٹری سے ایک درخواست عربی میں ٹائپ کروائی جس پر میں نے دستخط کئے اور وہ درخواست بادشاہ کے سامنے پیش ہوئی جس پر انہوں نے مجلس کو غور کرنے کا حکم دیا اور اس طرح یہ درخواست تین ماہ تک دفتروں میں چکر لگاتی رہی اور کئی مایوسیوں کے بعد ایک شام مغرب کی نماز سے ہم دوست فارغ ہوئے تھے کہ سرکاری اردلی پیغامبر نے آ کر جعفر صادق صاحب امیر جماعت احمدیہ بغداد کو ایک لفافہ دیا۔ وہ کھولا گیا۔ اس میں بادشاہ کی مہر کے ساتھ وزارت داخلہ کی طرف سے یہ اطلاع تھی کہ بادشاہ کی طرف سے ان کا سابقہ حکم منسوخ کر دیا گیا ہے اور جماعت احمدیہ کو مکمل (مذہبی) آزادی دی جاتی ہے۔ یہ الفاظ پڑھ کر جو دوست نماز مغرب میں حاضر تھے۔ بے اختیار سربسجود ہو گئے کیونکہ ان کی مایوسی کی حالت آخری نقطۂ یاس تک پہنچ چکی تھی۔

حضرت مصلح موعود نے شاہ صاحب کی ان کوششوں کو سراہتے ہوئے فرمایا:

میرے نزدیک شاہ صاحب نے اس سفر میں ایک بڑا کام کیا ہے...... وہ عراق کے متعلق ہے وہ ایک ایسا کام ہے جو دور تک اثر رکھتا ہے...... عراق میں (دعوت) احمدیت کا رکنا ایک عجیب بات تھی۔ باقی سب لوگوں آریوں اور عیسائیوں کو اپنے اپنے مذہب کی تبلیغ کی اجازت تھی مگر ہمیں نہیں تھی...... خطرناک زہر ہمارے خلاف پھیلا ہوا ہے جس کا ازالہ ضروری ہے۔ شاہ صاحب وہاں اتفاقی طور پر گئے وہاں کے حالات ایسے ہیں کہ باوجود اس کے کہ ہم گورنمنٹ آف انڈیا کے ذریعہ کوشش کر چکے تھے مگر پھر بھی اجازت نہ حاصل ہوئی تھی۔ وہاں سے ہمارے کئی آدمی نکالے جا چکے تھے کہ وہ اشاعت احمدیت کرتے تھے۔ اپنے گھر میں جلسہ کرنا بھی منع تھا۔ ان حالات میں کوشش کر کے کلی طور پر روک اٹھا دینا بلکہ وہاں ایسے خیالات پیدا ہو جانا جو ان کے دل میں ہمدردی اور محبت ثابت کرتے ہیں بہت بڑا کام ہے...... پس شاہ صاحب نے یہ بہت بڑی خدمت کی ہے"۔

(روزنامہ الفضل 18 جون 1926ء ص 6)

حضرت شاہ صاحب کا مختصر تعارف

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب 13 مارچ 1889ء کو پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم پہلے ریعیہ اور پھر قادیان میں حاصل کی۔ 27 مئی 1908ء کو وقف زندگی کا عہد کیا۔ 26 جولائی 1913ء کو عربی کی اعلیٰ تعلیم کے لئے بلاد عربیہ تشریف لے گئے۔ 27 اپریل 1914ء کو بیروت میں پہلا جلسہ ہوا۔ جس میں آپ نے بھی خطاب کیا۔ 1918ء میں سیاسی قیدی بنے اور حضرت مصلح موعود کی کوششوں سے رہائی ملی۔ 1918ء میں ہی آپ صلاح الدین ایوبی کالج میں وائس پرنسپل مقرر ہوئے۔ 1920ء میں قادیان واپس آ گئے اور قائم مقام ناظر امور عامہ کے طور پر خدمات بجا لاتے رہے۔ 1923ء میں ناظر دعوۃ و اشاعت رہے۔ دوسری بار آپ 1925ء کو حضرت مولانا شمس صاحب کے ساتھ دمشق کے لئے روانہ ہوئے اور 1926ء تک بلاد شام اور عراق میں بطور مشنری کام کرتے رہے۔ 1926ء میں آپ کی کوششوں سے عراق میں جماعت پر سے اشاعت

باقی صفحہ 8 پر

عراق اور اس کا ماحول



مرتبہ: مکرم حنیف احمد محمود صاحب

حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں
آداب الدعا اور قبولیت دُعا کے اسباب

تقویٰ شرط ہے

''یاد رکھو کہ دعائیں منظور نہ ہوں گی جب تک تم متقی نہ ہو۔''

''یاد رکھو کہ یہ شیطانی وسوسہ اور دھوکہ ہے جو اس پیرایہ میں دیا جاتا ہے کہ دُعا قبول نہیں ہوتی۔ اصل یہی ہے کہ وہ دعا قبولیت کے آداب اور اسباب سے محض خالی ہے۔ پھر آسمان کے دروازے اس کے لئے نہیں کھلتے۔ سنو! قرآن شریف نے کیا کہا ہے۔...... (المائدہ:28) اللہ تعالیٰ متقیوں کی دُعائیں قبول کرتا ہے۔ جو لوگ متقی نہیں ہیں، ان کی دُعائیں قبولیت کے لباس سے ننگی ہیں۔''

اپنی زبان میں بھی دعا کرے

''دعا کے لئے رقت والے الفاظ تلاش کرنے چاہئیں۔ یہ مناسب نہیں کہ انسان مسنون دعاؤں کے ایسا پیچھے پڑے کہ ان کو جنتر منتر کی طرح پڑھتا رہے اور حقیقت کو نہ پہچانے۔ اتباع سنت ضروری ہے مگر تلاش رقت بھی اتباع سنت ہے۔ اپنی زبان میں جس کو تم خوب سمجھتے ہو دعا کرو تا کہ دعا میں جوش پیدا ہو...... مسنون دعاؤں کو بھی برکت کے لئے پڑھنا چاہئے مگر حقیقت کو پاؤ۔ ہاں جس کو زبان عربی سے موافقت اور فہم ہو وہ عربی میں پڑھے۔''

''نماز میں دعائیں اپنی زبان میں مانگو جو طبعی جوش کسی کی مادری زبان میں ہوتا ہے وہ ہرگز غیر زبان میں پیدا نہیں ہوسکتا۔''

''دعائیں بہت کیا کرو۔ نماز مشکلات کی کنجی ہے۔ ماثورہ دعاؤں اور کلمات کے سوا اپنی مادری زبان میں بھی بہت دعا کیا کرو تا اس سے سوز وگداز کی تحریک ہو اور جب تک سوز وگداز نہ ہو اسے ترک مت کرو کیونکہ اس سے تزکیہ نفس ہوتا ہے اور سب کچھ ملتا ہے۔''

''سب زبانیں خدا نے بنائی ہیں۔ چاہئے کہ اپنی زبان میں جس کو اچھی طرح سمجھ سکتا ہے۔ نماز کے اندر دعائیں مانگے، کیونکہ اس کا اثر دل پر پڑتا ہے تا کہ عاجزی اور خشوع پیدا ہو۔ کلام الٰہی کو ضرور عربی میں پڑھو اور اس کے معنی یاد رکھو اور دعا بیشک اپنی زبان میں مانگو۔ جو لوگ نماز کو جلدی جلدی پڑھتے ہیں اور پیچھے لمبی دعائیں کرتے ہیں۔ وہ حقیقت سے ناآشنا ہیں۔ دعا کا وقت نماز ہے۔ نماز میں بہت دعائیں مانگو۔''

''یہ بھی یاد رکھو دعا اپنی زبان میں بھی کر سکتے ہو بلکہ چاہئے کہ مسنون ادعیہ کے بعد اپنی زبان میں آدمی دعا کرے کیونکہ اس زبان میں وہ پورے طور پر اپنے خیالات اور حالات کا اظہار کر سکتا ہے اس زبان میں وہ قادر ہوتا ہے۔''

اپنے دل کے صاف ہونے کے لئے دعا کرے

''جو رات کو اٹھتا ہے خواہ کتنی ہی عدم حضوری اور بے صبری ہو لیکن اگر وہ اس حالت میں بھی دعا کرتا ہے کہ الٰہی دل تیرے ہی قبضہ اور تصرف میں ہے تو اس کو صاف کر دے اور عین قبض کی حالت میں اللہ تعالیٰ سے بسط چاہے تو اس قبض سے بسط نکل آئے گی اور رقت پیدا ہو جائے گی۔''

دل میں درد پیدا ہونا ضروری ہے

''دعا کے لئے جب درد سے دل بھر جاتا ہے اور سارے حجابوں کو توڑ دیتا ہے اس وقت سمجھنا چاہئے کہ دعا قبول ہوگی۔ یہ اسم اعظم ہے۔ اس کے سامنے کوئی انہونی چیز نہیں ہے۔ ایک خبیث کے لئے جب دعا کے ایسے اسباب میسر آجائیں تو یقیناً وہ صالح ہو جاوے۔''

''دُعا تب کام کرتی ہے جب انسان کی کوشش بھی ساتھ ہو۔ بعض لوگ چاہتے ہیں کہ پھونک مار کر ولی بنا دیا جاوے۔ وہ یہ نہیں جانتے کہ پُھونک بھی اسی آدمی کو لگتی ہے جو نزدیک آوے۔ یہ خیال بالکل غلط ہے کہ بغیر انسان کی سعی کے کچھ ہو جاوے۔ قرآن شریف میں ہے۔...... (النجم:40) اور دل کی ہر ایک حالت کے لیے ایک ظاہری عمل کا نشان ضرور ہوتا ہے۔ جب دل پر غم کا غلبہ ہو تو آنسو نکل آتے ہیں۔ اسی لیے شریعت نے ثبوت کا مدار ایک شہادت پر نہیں رکھا۔ جب تک دوسرا گواہ بھی نہ ہو۔ پس جب تک ظاہر و باطن ایک نہ ہو۔ تب تک کچھ نہیں بنتا۔''

دعا کرانے والے اور دعا کرانے والے کے درمیان قلبی تعلق ہو

''اُصول دُعا میں سے یہ بات ہے کہ جب تک انسان کو کسی کے حالات کے ساتھ پورا تعلق نہ ہو تب تک وہ رقت اور درد اور توجہ نہیں ہوسکتی جو دُعا کے واسطے ضروری ہے اور اس قسم کے حضور اور توجہ کا پیدا کرنا دراصل اختیاری امر نہیں ہے۔ دُعا میں کوشش ہر دو طرف سے ہونی ضروری ہے۔ دُعا کرنے والا خدا تعالیٰ کے حضور میں توجہ کرنے میں کوشش کرے اور دُعا کرانے والا اس کو توجہ دلانے میں مشغول رہے۔ بار بار یاد دلائے خاص تعلق پیدا کرے۔ صبر اور استقامت کے ساتھ اپنا حالِ زار پیش کرتا رہے۔ تو خواہ نخواہ کسی نہ کسی وقت اس کے لئے درد پیدا ہو جائے گا۔''

''دعا میں بعض دفعہ قبولیت نہیں پائی جاتی تو ایسے وقت اس طرح سے بھی دعا قبول ہو جاتی ہے کہ ایک شخص بزرگ سے دعا منگوائیں اور خدا تعالیٰ سے دعا مانگیں کہ وہ اس مرد بزرگ کی دعاؤں کو سنے۔''

خدا تعالیٰ کی نافرمانی سے بچے

''قبولیت دعا کے لئے ضروری ہے کہ نافرمانی سے باز رہے اور دُعا بڑے زور سے کرے۔ کیونکہ پتھر پر پتھر زور سے پڑتا ہے تب آگ پیدا ہوتی ہے۔''

''دعا کی قبولیت میں تاخیر ڈالنے والے یا دعا کے ثمرات سے محروم کرنے والے بعض مکروہات ہوتے ہیں جن سے انسان کو بچنا لازم ہے۔''

اسباب کو مدنظر رکھا جائے

''اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر اِیَّاکَ نَعْبُدُ کو تقدم اس لئے ہے کہ انسان دُعا کے وقت تمام قویٰ سے کام لے کر خدا تعالیٰ کی طرف آتا ہے۔ یہ ایک بے ادبی اور گستاخی ہے کہ قویٰ سے کام نہ لے کر اور قانونِ قدرت کے قواعد سے کام نہ لے کر آوے۔ مثلاً کسان اگر تخم ریزی کرنے سے پہلے ہی یہ دعا کرے کہ الٰہی! اس کھیت کو ہرا بھرا کر اور پھل پھول لا، تو یہ شوخی اور ٹھٹھا ہے۔ اسی کو خدا کا امتحان اور آزمائش کہتے ہیں۔ جس سے منع کیا ہے اور کہا گیا ہے کہ خدا کو مت آزماؤ۔''

''متقی بننے کے لیے دعا بھی کرو اور تدابیر بھی کرو۔ دُعا سے خدا تعالیٰ کا فضل ہوتا ہے لیکن اگر انسان نے تدابیر سے کچھ تیاری نہ کی ہوئی ہو تو وہ فضل کس کام آوے گا۔''

دعا کے لوازم

''جب تک دُعا کے لوازم ساتھ نہ ہوں وہ دُعا کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ دعا کے لوازم میں سے یہ ہے کہ دل پگھل جاوے اور روح پانی کی طرح حضرتِ احدیت کے آستانہ پر گرے اور ایک کرب اور اضطراب اس میں پیدا ہو اور ساتھ ہی انسان بے صبر اور جلد باز نہ ہو بلکہ صبر اور استقامت کے ساتھ دُعا میں لگا رہے پھر توقع کی جاتی ہے کہ وہ دُعا قبول ہوگی۔''

''جب دُعا کرتے کرتے انسان کا دل پگھل جائے اور آستانۂ الوہیت پر ایسے خلوص اور صدق سے گر جاوے کہ بس اسی میں محو ہو جاوے اور سب خیالات کو مٹا کر اسی سے فیض و استعانت طلب کرے اور ایسی یکسوئی حاصل ہو جائے کہ ایک قسم کی رقت اور گداز پیدا ہو جائے تب فلاح کا دروازہ کھل جاتا ہے جس سے دُنیا کی محبت ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔''

''نری دعا خدا تعالیٰ کا منشاء نہیں ہے بلکہ اوّل تمام مساعی اور مجاہدات کو کام میں لائے اور اس کے ساتھ دُعا سے کام لے۔ اسباب سے کام لے۔ اسباب سے کام نہ لینا اور نری دُعا سے کام لینا یہ آداب الدُّعا سے ناواقفی ہے۔ اور خدا تعالیٰ کو آزمانا ہے اور نرے اسباب پر گر رہنا اور دعا کو لاشئی محض سمجھنا یہ دہریّت ہے۔''

اپنی اصلاح کرے

''میں اگر کسی کے لئے دعا کروں اور خدا تعالیٰ کے ساتھ اس کا معاملہ صاف نہیں وہ اس سے سچا تعلق نہیں رکھتا تو میری دُعا اُس کو کیا فائدہ دے گی؟ لیکن اگر وہ صاف دل ہے اور کوئی کھوٹ نہیں رکھتا تو میری دُعا اس کے لئے نورٌ علیٰ نور ہوگی۔''

ایک شخص نے حضرت مسیح موعود سے حفاظت طاعون کے لئے دُعا کی درخواست کی۔ فرمایا کہ

''اوّل اپنے اعمال درست کرو پھر دُعا کا اثر ہوگا۔''

نواب صاحب:۔ آپ میرے لیے ایمان کی دعا کریں۔ دنیا سے تو آخر ایک دن مَر ہی جانا ہے۔

حضرت اقدس:''اچھا مَیں تو دُعا کروں گا مگر آپ کو بھی ان آداب اور شرائط کا لحاظ رکھنا چاہئے جو دُعا کے واسطے ضروری ہیں۔ میرے دُعا کرنے سے کیا ہوگا جب آپ توجہ نہ کریں۔ بیمار کو چاہئے کہ

طبیب کی ہدایتوں اور پرہیز پر بھی تو عمل کرے۔ پس دُعا کرانے کے واسطے ضروری ہے کہ آدمی خود اپنی اصلاح بھی کرے۔‘‘

’’بعض لوگ دعا کی درخواست کرتے ہیں کہ میرے لئے دعا کرو مگر افسوس ہے کہ وہ دعا کرانے کے آداب سے واقف نہیں ہوتے ...... جب تک دعا کرانے والا اپنے اندر ایک صلاحیت اور اتباع کی عادت نہ ڈالے۔ دعا کارگر نہیں ہو سکتی۔‘‘

’’دُعا اسی کو فائدہ پہنچا سکتی ہے جو خود بھی اپنی اصلاح کرتا ہے اور خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنے سچے تعلق کو قائم کرتا ہے۔ پیغمبر کسی کے لیے اگر شفاعت کرے لیکن وہ شخص جس کی شفاعت کی گئی ہے اپنی اصلاح نہ کرے اور غفلت کی زندگی سے نہ نکلے تو وہ شفاعت اس کو فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔‘‘

’’اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ کا مقصد یہی ہے کہ اس دُعا کے وقت اُن لوگوں کے اعمال، اخلاق، عقائد کی نقل کرنی چاہئے جو مُنۡعَمۡ عَلَیۡہ ہیں۔ جہاں تک انسان سے ممکن ہو عقائد، اخلاق اور اعمال سے کام لے۔‘‘

’’دعائیں کرتے رہو۔ بجز اس کے انسان مکر اللہ سے بچ نہیں سکتا۔ مگر دُعاؤں کی قبولیت کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ انسان اپنے اندر پاک تبدیلی پیدا کرے۔ اگر بدیوں سے نہیں بچ سکتا اور خدا تعالیٰ کی حدود کو توڑتا ہے تو دُعاؤں میں کوئی اثر نہیں رہتا۔‘‘

’’نِری دُعا سے کیا فائدہ ہو سکتا ہے جب تک کہ عقائد کی اصلاح نہ ہو ایسی دعائیں کیا بت پرست نہیں مانگتے؟ پھر اُن میں اور اِن میں فرق کیا ہوا؟‘‘

کسی شخص سے بغض نہ رکھے

’’جب تک سینہ صاف نہ ہو دعا قبول نہیں ہوتی۔ اگر کسی دنیوی معاملہ میں ایک شخص کے ساتھ بھی تیرے سینہ میں بغض ہے تو تیری دعا قبول نہیں ہو سکتی۔ اس بات کو اچھی طرح سے یاد رکھنا چاہئے اور دنیوی معاملہ کے سبب کبھی کسی کے ساتھ بغض نہیں رکھنا چاہئے۔‘‘

دعا میں اپنے عیوب کو شمار کرے

’’جس گناہ کے چھوڑنے میں جو اپنے آپ کو کمزور پاوے۔ اس کو نشانہ بنا کر دعا کرے تو اسے فضل خدا سے قوت عطا ہوگی۔‘‘

دوسروں کو اپنی دعاؤں میں شامل کرے

’’میرا تو یہ مذہب ہے کہ دعا میں دشمنوں کو بھی باہر نہ رکھے۔ جس قدر دعا وسیع ہوگی اسی قدر فائدہ دعا کرنے والے کو ہوگا اور دعا میں جس قدر بخل کرے گا۔ اسی قدر اللہ تعالیٰ کے قرب سے دور ہوتا جاوے گا اور اصل تو یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے عطیہ کو جو بہت وسیع ہے جو شخص محدود کرتا ہے اس کا ایمان بھی کمزور ہے۔

دوسروں کے لئے دعا کرنے میں ایک عظیم الشان فائدہ یہ بھی ہے کہ عمر دراز ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں یہ وعدہ کیا ہے کہ جو لوگ دُوسروں کو نفع پہنچاتے ہیں اور مفید وجود ہوتے ہیں، اُن کی عمر دراز ہوتی ہے۔ جیسا کہ فرمایا: اَمَّا مَا یَنۡفَعُ ......(الرعد:18) اور دُوسری قسم کی ہمدردی چونکہ محدود ہیں۔ اس لیے خصوصیت کے ساتھ جو خیر جاری قرار دی جاسکتی ہے۔ وہ یہی دُعا کی خیر جاری ہے۔ جب کہ خیر کا نفع کثرت سے ہے تو اس آیت کا فائدہ ہم سب سے زیادہ دُعا کے ساتھ اُٹھا سکتے ہیں اور یہ بالکل سچی بات ہے کہ جو دنیا میں خیر کا موجب ہوتا ہے۔ اس کی عمر دراز ہوتی ہے۔‘‘

’’بنی نوع انسان کے ساتھ ہمدردی میں میرا یہ مذہب ہے کہ جب تک دشمن کے لئے دُعا نہ کی جاوے پُورے طور پر سینہ صاف نہیں ہوتا ہے۔ ...... (المومن:61) میں اللہ تعالیٰ نے کوئی قید نہیں لگائی کہ دشمن کے لیے دعا کرو، تو قبول نہیں کروں گا۔ بلکہ میرا تو یہ مذہب ہے کہ دشمن کے لئے دُعا کرنا یہ بھی سنت نبوی ہے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی سے مسلمان ہوئے۔ آنحضرت ﷺ آپ کے لئے اکثر دُعا کیا کرتے تھے۔‘‘

مخلوق کا حق نہ دباتا ہو

’’یاد رکھو جو مخلوق کا حق دباتا ہے اس کی دعا قبول نہیں ہوتی کیونکہ وہ ظالم ہے۔‘‘

’’ظالم فاسق کی دعا قبول نہیں ہوا کرتی کیونکہ وہ خدا تعالیٰ سے لاپرواہ ہے۔‘‘

زندوں کا واسطہ دے کر دُعا کرنا

بعد نماز مغرب حضرت اقدس (-) کے گوشہ میں تشریف فرما ہوئے۔ ایک سوال پوچھا گیا کہ آیا دعا کے بعد یہ کلمات کہنے کہ یا الٰہی تو میری دعا کو بطفیل حضرت مسیح موعود قبول فرما۔ جائز ہے یا نہیں؟

حضرت اقدس نے فرمایا کہ:

’’شریعت میں توسل احیاء کا جواز ثابت ہوتا ہے بظاہر اس میں شرک نہیں ہے۔‘‘

☆..................☆..................☆

دُرِّ بے بہا قرآن ہے

گریہ زاری کر سکے تو کر اسے پڑھتے ہوئے
ایک مومن کا تو حرفِ التجا قرآن ہے
خلد کی اس مے میں گر شامل ہو اشکوں کی شراب
پینے والے کے لئے دو آتشہ قرآن ہے
آنکھ گر نہ رو سکے تو دل کو رونا چاہیے
حزن جس کی ہر سطر میں ہے بھرا قرآن ہے
یوں تو ہر فریاد کو سنتا ہے وہ ربِ کریم
کان دھر کر جس کو سنتا ہے خدا قرآن ہے
دل کے اندھوں کے لئے یہ نور ہے بینائی ہے
دل کے بہروں کے لئے بانگِ درا قرآن ہے
ظلمتوں میں کس لئے بیٹھے ہوئے ہو کاہلو
نور کا اک جگمگاتا قمقمہ قرآن ہے
اپنا حصہ کیوں نہیں لیتے ہو اس ورثے سے تم
آؤ میراثِ محمد مصطفی ﷺ قرآن ہے
ہے فنا ہر سمت سے گھیرے ہوئے انسان کو
اس جہاں میں صرف سامانِ بقا قرآن ہے
متقی کے واسطے بے شک ہے رحمت کی گھٹا
منکروں کے واسطے برق و بلا قرآن ہے
جستجوئے علم اس کو چھوڑ کر بے سود ہے
قربِ حق پانے کا سیدھا راستہ قرآن ہے
موت اک خاموش واعظ ہے کوئی سمجھے اگر
دوسرا واعظ جو ہے نغمہ سرا قرآن ہے
اس کو چھو سکتا نہیں ہے کوئی پاکوں کے سوا
دل مطہر ہو تو پھر جلوہ نما قرآن ہے
خود لیا اس کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے
صاف ظاہر ہے کہ دُرِ بے بہا قرآن ہے

ا۔ع۔ملک

مکرم عتیق احمد مبشر صاحب

ایم ٹی اے کی برکات۔ غیروں کے تاثرات

قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: ''اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے ایک ایسا نشان اتاریں جس کے سامنے ان کی گردنیں جھک جائیں۔''

اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

''ایک منادی آسمان سے آواز دے گا جسے ایک نوجوان لڑکی پردے میں رہتے ہوئے بھی سنے گی اور اہل مشرق و مغرب بھی سنیں گے۔''

پس در حقیقت مندرجہ بالا آیت قرآنیہ میں عالمی مواصلاتی نظام کی طرف اشارہ ہے۔ یہ نشان جو خدا تعالیٰ کی طرف سے دیا گیا اس نے دوسروں کی گردنوں کو جھکا دیا اور وہ برملا جماعت احمدیہ پر خدا کے فضلوں اور احسانوں کے سامنے سر تسلیم خم کر گئے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کا استدلال اس آیۃ الرحمٰن کی صداقت پر مہر تصدیق رقم کر گیا اور امر واقعہ یہی ہے کہ آج خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے مشرق و مغرب کے رہنے والے MTA سے استفادہ کر رہے ہیں۔

اسی طرح حضرت علیؓ سے روایت ہے:

فرماتے ہیں کہ جب قائم آل محمد یعنی امام مہدی آئے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے مشرق و مغرب کو جمع کر دے گا۔

(ینابیع المودہ جلد 3 صفحہ 90 از شیخ سلیمان بن ابراھیم طبع دوم مکتبہ عرفان بیروت)

پس اقوام کا یہ اجتماع حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے زمانہ میں ظاہر ہونا شروع ہوا۔ اردو زبان میں ایک محاورہ ہے۔ ''جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے۔'' پس ایم ٹی اے وہ جادو ہے جو غیروں کے سامنے سر چڑھ کر بول رہا ہے اور عربی مقولہ ''اَلْفَضْلُ مَا شَهِدَتْ بِهِ الْاَعْدَآءُ '' کہ فضیلت تو اس بات میں ہے کہ غیر بھی فضیلت کی گواہی دیں، کی منہ بولتی تصویر ہے۔

ایم ٹی اے کی فضیلت کا اعتراف

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

''دوسرے ادارے جو دنیا کے دیگر ادارے ہیں ان میں MBC یعنی ''مڈل ایسٹ براڈ کاسٹ سینٹر'' جو عرب دنیا کا ایک مشہور چینل ہے اس کے مقبول ترین پروگرام ''بصراحۃ'' کے جون 2000ء کے پروگرام میں سعودی شہزادے خالد نے اپنے دو مشیروں کے ساتھ شرکت کی۔ شہزادہ خالد MBC کے مالکوں میں سے ایک ہیں اور ٹی وی پروگرامنگ اور براڈ کاسٹنگ کو سمجھتے ہیں۔ ٹی وی کے بارہ میں بات کرتے ہوئے ان کے ایک مشیر نے ایم ٹی اے کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا:۔

''ہم قادیانی چینل کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے وہ کام کیا ہے جو ساری...... دنیا مل کر بھی نہ کر سکی۔''

(جلسہ سالانہ برطانیہ دوسرے روز کا خطاب مورخہ 29 جولائی 2000ء)

پس کس طرح ایم ٹی اے غیروں کے دلوں پر اپنے اچھے اثرات قائم کر رہا ہے اور وہ اس کی شان اور عظمت میں رطب اللسان ہیں۔

اس بارے میں ہفت روزہ ''میڈیا'' کچھ یوں رقمطراز ہے:

''جماعت احمدیہ اس قدر منظّم ہو چکی ہے کہ اس نے انٹرنیشنل ٹیلی ویژن سے 12 گھنٹے کی نشریات خرید رکھی ہیں۔ پاکستان کے اندر احمدی دعوت الی اللہ نہیں کر سکتا۔ اس کے برعکس انٹینا پر 12 گھنٹے پاکستانی عوام''...... ٹیلی ویژن انٹرنیشنل احمدیہ'' کی نشریات دیکھتے اور سنتے ہیں اور احمدیوں کی نشریات مختلف حصوں میں تقسیم ہیں لیکن اس نشریات کے ٹیلی کاسٹ کرنے کا انداز بہت پر فریب ہے۔ ٹیلی وژن پر ایسے ایسے حیرت انگیز دعوے کئے جاتے ہیں کہ جنہیں دیکھ کر یہ کہا جا سکتا ہے کہ احمدی اس صدی میں غالب آنے والے ہیں۔ کیا عالم اسلام، پاکستان اور مسلمان علماء کرام احمدیوں کی ترقی کا کوئی توڑ کرنے کی پوزیشن میں نہیں؟ اس سوال کا جواب وقت دے گا؟۔''

(ہفت روزہ ''میڈیا'' لاہور 5 تا 20 مئی 1995ء)

حقیقی نمائندگی کا اہل

مراکش سے ایک عرب دوست عدنان صاحب 8 ستمبر 1995ء کے خط میں لکھتے ہیں:

''میں نے (دین) کا بہت مطالعہ کیا ہے۔ میرے دل میں ایم ٹی اے دیکھنے کے بعد شدید رغبت ہے کہ میں اس جماعت میں شامل ہو جاؤں۔ سب سے بڑی بات جو مجھے اپیل کرتی ہے وہ قرآن کی آیات کی تفسیر میں عقل و حکمت کا استعمال ہے۔ آپ اندھی نقل کی پیروی نہیں کرتے اور جماعت کا ہدف لوگوں کو متحد کرنا ہے...... ہماری نیتیں خدا کے فضل سے صاف ہیں اور ہمیں جماعت احمدیہ پر بڑا فخر ہے۔ اس زمانہ میں صرف یہی ایک ٹی وی ہے جو (......) کی حقیقی نمائندگی کا اہل ہے۔

امام کے خطبات وقت کی ضرورت

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''ایک انگریز غیر از جماعت جو تقریباً باقاعدہ جمعہ کے خطبے سنتا ہے اور شام کو دوبارہ ریکارڈنگ آتی ہے تو گھر والوں کو یا اس کی جب بیوی پوچھے تو کہتا ہے کہ میں فرائیڈے سرمن (Friday Sermon) سُن رہا ہوں۔ وہ عیسائی ہے اور باتوں کا اثر لیتا ہے....اس نے بعض خطبات کے مضمون بیان کئے کہ یہ بڑی اچھی وقت کی ضرورت ہے جو خطبات بھی آتے ہیں وہ صرف جماعت کے لئے وقت کی ضرورت نہیں بلکہ لوگوں کے لئے وہ فائدہ مند ہو جاتے ہیں۔''

خدا تعالیٰ نے حضرت اقدس مسیح موعود کو الہاماً بتایا تھا کہ ''میں تیری (دعوت الی اللہ) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔'' ایم ٹی اے وہ ذریعہ دعوت الی اللہ ہے جو دنیا کے کناروں تک آپ اور آپ کے خلفاء کا پیغام پہنچا رہا ہے اور پھر غیر از جماعت افراد پر ایسے انمٹ نقوش پیدا کر رہا ہے کہ وہ اس کی افادیت اور ضرورت کے بارہ میں رطب اللسان ہیں۔ پس من حیث الجماعت ہمارا فرض ہے کہ ہم اس آسمانی دولت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔ خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو الہاماً بتایا تھا۔ ''اَلَمْ نَجْعَلْ لَكَ سَهُوْلَةً ......'' کہ ہم نے تیرے لئے ہر معاملے میں آسانی پیدا کر دی ہے۔ پس جب معاملہ روحانی زندگی اور زندگیوں میں انقلاب پیدا کرنے کا ہو تو ایم ٹی اے سے فائدہ اٹھانا لازم و ملزوم ہو جاتا ہے۔ خدا ہم سب کو اس دولت سے فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔ (آمین)

مکرم مظفر احمد دلاور صاحب

میرے دادا مکرم حشیم الدین احمد صاحب

میرے پڑدادا محترم علیم الدین صاحب کا تعلق قریش قبیلہ سے تھا۔ انہیں تبلیغ اسلام کا جنون کی حد تک شوق تھا اور اسی شوق نے انہیں مکہ مکرمہ سے بنگلہ دیش جو کہ اس وقت متحدہ ہندوستان تھا آنے پر مجبور کیا۔ آپ نے شادی بنگلہ دیش میں ہی کی۔ ان کے بہت سے مرید تھے جن کو انہوں نے ظہور امام مہدی کی نشانیاں بتلائیں۔ آپ نے حضور کے دعویٰ سے پہلے وفات پائی اور بنگلہ دیش میں ہی مدفون ہوئے۔

